**09-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................ماجد علی

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

☆ جناب نریندر مودی نے مسلسل تیسری مدت کیلئے بھارت کے وزیر اعظم کا حلف لیا ۔

☆ راجناتھ سنگھ، امت شاہ، نتن گڈکری، جے پی نڈا، شیو راج سنگھ چوہان، نرملا سیتا رمن، للن سنگھ اور کنجراپو رام موہن نائیڈو سمیت وزراء کی نئی کونسل نے بھی حلف لیاہے۔

☆ پریم سنگھ تمنگ سکم کے وزیر اعلیٰ کے طور پر کل حلف لیں گے۔ آندھرا پردیش کے نامزد وزیراعلیٰ این چندر بابو نائیڈو اور اُڈیشہ کے نئے وزیر اعلیٰ بدھ کے روز عہدہ سنبھالیں گے۔

☆ اور فرنچ اوپن ٹینس میں مردوں کے سنگلز فائنل میں اسپین کے Carlos Alcaraz اور جرمنی کے Alexander Zverev کے درمیان پیرس کے Roland Garros میں مقابلہ جاری ہے۔

---------------------------------

**(Music)**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

## NARENDRA MODI PROFILE

جناب نریندر مودی، جواہر لال نہرو کے بعد، ملک کے ایسے پہلے وزیراعظم ہیں، جنہیں لاگاتار تیسری مرتبہ اس عہدے کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ وہ پہلے وزیراعظم ہیں، جن کی پیدائش آزادی کے بعد ہوئی۔ انہوں نے 2014 سے لگاتار دو بار وزیراعظم کے طور پر خدمات انجام دیں۔ انہیں یہ امتیاز بھی حاصل ہے کہ وہ سب سے طویل عرصے تک، گجرات کے وزیراعلیٰ رہے۔ اُن کی اِن خدمات کی مدت اکتوبر 2001 سے مئی 2014 تک رہی۔ جناب مودی

کی پیدائش گجرات کے سب سے چھوٹے قصبے میں 17 ستمبر 1950 کو ہوئی تھی۔ اپنے ابتدائی دور میں وہ راشٹریہ سویم سیوک سنگھ سے وابستہ رہے اور بعد میں انہوں نے خود کو قومی اور ریاستی سطح پر BJP کے لیے سیاسی سرگرمیوں کے تئیں وقف کر دیا۔

انہوں نے ماسٹرس کی ڈگری گجرات یونیورسٹی سے پولیٹیکل سائنس میں حاصل کی۔ جناب مودی نے، حکمرانی کے طور طریقوں میں بڑے پیمانے پر تبدیلیاں کی ہیں، جن کی وجہ سے سب کی شمولیت، ترقی پر مبنی اور بدعنوانی سے پاک حکمرانی کا رجحان پیدا ہوا، جس کی تحریک سب کا ساتھ، سب کا وکاس، سب کا وشواس سے حاصل ہوئی۔

سپرنا سائکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں..............................................

## PM SWEARING IN CEREMONY

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے، جناب نریندر مودی کو لگاتار تیسری مدت کے لیے بھارت کے وزیراعظم کے طور پر حلف دلایا۔ یہ تقریب آج شام نئی دلی میں راشٹرپتی بھون میں منعقد ہوئی۔

S/B - 2100-PM Oath Ceremony

وزیروں کی مرکزی کونسل نے بھی حلف لیا۔ BJP کے سینئر رہنما راج ناتھ سنگھ، امت شاہ، نتن گڈکری، ڈاکٹر ایس جے شنکر، پیوش گوئل، دھرمیندر پردھان، راجیہ سبھا کے ارکان نرملا سیتارمن اور جے پی نڈا، جو BJP کے سربراہ کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں، مدھیہ پردیش کے سابق وزیراعلیٰ شیوراج سنگھ چوہان، ہریانہ کے سابق وزیراعلیٰ منوہر لال کھٹّر، اُن شخصیتوں میں شامل ہیں جنہوں نے کابینی وزیروں کے طور پر حلف لیا ہے۔

S/B

اس کے علاوہ کرناٹک کے سابق وزیراعلیٰ اور JDS کے ممبر پارلیمنٹ ایچ ڈی کماراسوامی، بہار کے سابق وزیراعلیٰ اور HAM پارٹی کے سربراہ، جیتن رام مانجھی، JDU کے ممبر پارلیمنٹ راجیو رنجن سنگھ، آسام کے سابق وزیراعلیٰ سربانند سونووال بھی، اُن شخصیتوں میں شامل ہیں جنہیں کابینی وزراء کے طور پر حلف دلایا گیا ہے۔

دوسرے ملکوں اور بحر ہند خطے کے بہت سے رہنماؤں نے بھی حلف برداری کی اِس تقریب میں شرکت کی۔

سری لنکا کے صدر رانل وکرما سنگھے، مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد مُعِزّو، سیشلز کے نائب صدر احمد عفیف، بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ، ماریشس کے وزیراعلیٰ پروند کمار جگناتھ، نیپال کے وزیراعظم پشپ کمل دہل پرچنڈ اور بھوٹان کے وزیراعظم شیرنگ توبگے نے حلف برداری کی اِس تقریب میں شرکت کی۔

جن دیگر اہم شخصیتوں نے، تقریب میں شرکت کی، اُن میں نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، کانگریس کے سربراہ ملکارجن کھڑگے، بہار کے وزیراعلیٰ اور JDU کے صدر نتیش کمار، آندھرا پردیش کے نامزد وزیراعلیٰ این چندر بابو

نائیڈو، اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی، اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، منی پور کے وزیراعلیٰ این برین سنگھ، ہریانہ کے وزیراعلیٰ نایاب سنگھ سینی اور مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار بھی شامل ہیں۔

اِس کے علاوہ اداکار رجنی کانت، شاہ رخ خان، اکشے کمار اور وکرانت میسی، فلم ساز راجکمار ہیرانی، سرکردہ تاجر مکیش امبانی اور گوتم اڈانی نے بھی اس تقریب میں شرکت کی۔×

## KERALA ASSEMBLY

کیرالہ کی 15ویں اسمبلی کا گیارہواں اجلاس کل شروع ہوگا۔ 28 دن کے اِس اجلاس کا اصل مقصد 2024-25 کے ریاستی بجٹ میں مطالبات زر پر تفصیلی تبادلۂ خیال کرنا ہے۔ یہ بجٹ فروری میں پیش کیا گیا تھا۔ اجلاس کے 13 دن مطالبات زر پر تبادلۂ خیال اور ان کی منظوری کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ پانچ دن، پرائیویٹ ارکان کے کام کاج، جبکہ 8 دن، سرکاری کام کاج کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ یہ اجلاس 25 جولائی کو اختتام پذیر ہوگا۔

کیرالہ پنچایت راج کا ترمیمی بل اور کیرالہ میونسپلٹی کا ترمیمی بل، اسمبلی کے اجلاس میں پیش کیا جائے گا۔

اسی دوران جن ارکان اسمبلی نے لوک سبھا انتخابات میں کامیابی حاصل کی ہے، وہ 17 جون تک اپنی نشستوں پر برقرار رہ سکتے ہیں۔

SC، ST کی بہبود کے وزیرمملکت اور CPIM سے وابستہ Devaswoms K. Radhakrishnan نیز کانگریس MLA شفیع Parambil نے حالیہ لوک سبھا انتخابات میں کامیابی حاصل کی ہے۔×

## SWEARING IN TDP

آندھرا پردیش کے نامزد وزیراعلیٰ ایم چندر بابو نائیڈو کو، کرشنا ضلعے کے Gannavaram علاقے میں کیسرپلّی آئی ٹی پارک کے قریب 12 جون کو حلف دلایا جائے گا۔ اِس سے پہلے، تیلگو دیسم پارٹی TDP نے، حلف برداری کی تقریب امراوتی میں منعقد کرنے کا منصوبہ بنایا تھا، لیکن چونکہ BJP اور دیگر پارٹیوں کے بہت سے مرکزی رہنماؤں کو مدعو کیا گیا ہے اور امید ہے کہ وہ اِس میں شرکت بھی کریں گے، لہٰذا Gannavaram کو، تقریب کے انعقاد کی جگہ کے طور پر منتخب کیا گیا ہے، کیونکہ یہ ہوائی اڈے کے قریب ہے۔

چیف سکریٹری نیربھ کمار پرساد نے وجے واڑا میں، اپنے کیمپ دفتر میں، اعلیٰ حکام کے ساتھ ایک میٹنگ میں، حلف برداری کی تقریب کے لیے کیے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

یہ دوسری بار ہے کہ جناب نائیڈو 2004 میں، ریاست کی تقسیم کے بعد وزیراعلیٰ کے عہدے کا حلف لیں گے۔

وہ پہلی ایسی تیلگو شخصیت ہیں جو چوتھی بار آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ کے عہدے کا حلف لیں گے۔×

**SIKKIM SWEARING**

سکم میں، پریم سنگھ تمنگ کی، وزیراعلیٰ کے طور پر، اور اُن کی وزیروں کی کونسل کی حلف برداری کی تقریب، گینگٹاک کے Paljor اسٹیڈیم میں کل سہ پہر چار بجے منعقد ہوگی۔ گورنر لکشمن پرساد آچاریہ، جناب تمنگ اور اُن کی وزیروں کی کونسل کو عہدے اور رازداری کا حلف دلائیں گے۔

تقریب کے پیشِ نظر کل، گینگٹاک میونسپل کارپوریشن علاقے کے، سبھی سرکاری اور پرائیویٹ اسکول، کالج اور تعلیمی ادارے بند رہیں گے۔ اِس فیصلے کا مقصد حفاظتی انتظامات کو ٹھیک ڈھنگ سے لاگو کرنا اور گاڑیوں کی نقل و حرکت پر روک لگانا ہے۔×

**ODISHA SWEARING**

اڈیشہ میں، BJP سرکار کے نئے وزیراعلیٰ کی حلف برداری کی تقریب بدھ کو منعقد ہوگی۔ اِس سے پہلے، یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ یہ تقریب پیر کو منعقد کی جائے، لیکن نئے وزیراعلیٰ کے نام کے بارے میں تذبذب ہے۔ البتہ، بھبنیشور کے جنتا میدان میں، حلف برداری کی تقریب کے لیے سبھی تیاریاں جاری ہیں۔ حلف برداری کی تقریب مرکزی مشاہدین کی موجودگی میں BJP کی 78 رکنی قانون ساز پارٹی کی میٹنگ کے بعد منعقد ہوگی۔

اب سرگرمیاں دلی میں منتقل ہو گئی ہیں۔ یہاں توقع ہے کہ پارٹی کا پارلیمانی بورڈ اِس سلسلے میں قطعی فیصلہ کرے گا۔×

**DELHI ATISHI LG EMERGENCY MEET**

دلی کے لیفٹیننٹ گورنر ونے کمار سکسینہ، کل صبح گیارہ بجے دلی کی پانی کی وزیر آتشی سے ملیں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں راج بھون نے بتایا کہ دلی کے لیفٹیننٹ گورنر نے افسران سے کہا ہے کہ وہ ہماچل پردیش اور ہریانہ کی طرف سے جاری کیے گئے پانی کی اصل صورتحال کا جائزہ لیں۔ انہوں نے اُن سے قومی راجدھانی میں پانی کے ضائع ہونے اور رِساؤ کی روک تھام کے لیے کیے گئے اقدامات کے بارے میں بھی پوچھا ہے۔ LG نے وزیرآباد آبی ذخیرے سے بھی پانی کے رِساؤ کی صورتحال کے بارے میں پوچھا ہے جیسا کہ سپریم کورٹ نے ہدایت دی تھی۔

اِس سے پہلے محترمہ آتشی نے لیفٹیننٹ گورنر سے، قومی راجدھانی میں پانی کے قلت پر بات چیت کے لیے ایک ہنگامی ملاقات کی درخواست کی تھی۔

محترمہ آتشی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ یہ میٹنگ انہیں ہریانہ سرکار کی طرف سے مُنک نہر سے، مبینہ طور پر ناکافی پانی چھوڑے جانے کے بارے میں جانکاری دینے کے لیے کی جائے گی۔

اِسی دوران مختلف رہائشی علاقوں میں نل کے پانی کی متاثرہ سپلائی کی وجہ سے دلی والوں کو پانی کے شدید بحران کا سامنا ہے۔

ہریانہ، دلی اور یمنا کے پورے اوپری خطے کے درمیان ایک معاہدے کے تحت، مُنک نہر کے راستے، دلی کو ایک ہزار 50 کیوزکس پانی جاری کیا جاتا ہے۔ لیکن پانی کی سپلائی میں لگاتار کمی آرہی ہے اور یہ جمعہ تک، محض 840 کیوزکس رہ گئی تھی۔×

## MANIPUR CARFEW

منی پور کے Jiribam ضلعے میں کشیدگی کو قابو میں کرنے کیلئے لگایا گیا غیر معینہ مدت کا کرفیو آج بھی جاری رہا۔ سیکورٹی فورسیز کی اضافی تعداد نے ضلعے میں گشت بڑھادی ہے اور وہ مختلف برادریوں کے درمیان جھڑپوں کو روکنے کیلئے سبھی حساس علاقوں پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ منی پور کے سرحدی علاقے Jiribam میں ایک کسان کی مسخ شدہ لاش ملنے کے بعد دو برادریوں میں کشیدگی میں اضافہ ہوگیا تھا اور ضلع مجسٹریٹ نے جمعرات کی رات کرفیو نافذ کر دیا تھا۔ اب تک فسادیوں نے ضلع میں کچھ گھروں اور سرکاری املاک کو آگ لگادی ہے۔ تشدد سے متاثرہ گاؤوں میں رہنے والوں نے سرکار کے بنائے ہوئے راحت کیمپوں میں پناہ لی ہے۔

اُدھر Jiribam ضلعے کے نئے سینئر سپرنٹنڈینٹ آف پولس اور OC نے چارج سنبھال لیا ہے اور ضلعے میں نظم و ضبط کی صورت حال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ پولس نے کہا ہے کہ ضلعے میں امن قائم کرنے کیلئے اُنہوں نے ہر ممکن قدم اٹھایا ہے۔X

## HARYANA REDRESSAL CELL

ہریانہ سرکار نے چیف سکریٹری کے دفتر میں عوام کی شکایات دور کرنے کیلئے ایک سیل قائم کیا ہے۔ یہ سیل ہر ضلعے اور سب ڈویژنل ہیڈ کوارٹرس میں کام کاج کے دنوں میں صبح 9 بجے سے صبح 11 بجے تک عوام کی شکایات دور کرنے کیلئے سمادھان شِور کا انعقاد کرے گا۔ چیف سکریٹری TVSN پرساد نے آج چنڈی گڑھ میں میڈیا سے گفتگو کے دوران یہ اطلاع دی۔ اُنہوں نے بتایا کہ عوام کی شکایات کے عام طور پر دومرحلے ہوتے ہیں۔ پالیسی بنانے سے متعلق معاملات اور اُس کو نافذ کرنے کے عمل میں آنے والی دشواریاں۔ پالیسی سے متعلق معاملات کو ریاستی ہیڈ کوارٹرس کی سطح پر انتظامیہ سکریٹریوں کے تال میل کے ساتھ اس سمادھان سیل میں حل کر لیا جائے گا، جبکہ نفاذ سے متعلق دشواریوں کو ضلع انتظامیہ کے ذریعہ سمادھان کیمپوں میں حل کر لیا جائے گا۔

## EU PARLIAMENT ELECTION

یوروپی یونین پارلیمنٹ کیلئے ووٹنگ جاری ہے۔ اِس ووٹنگ میں آج آخری دن 27 ملکوں میں لاکھوں لوگوں کے حصہ لینے کی توقع ہے۔ یوروپی پارلیمنٹ کے 720 ممبروں کیلئے 40 کروڑ افراد ووٹ دینے کے حقدار ہیں۔ الیکشن کی شروعات نیدرلینڈس میں جمعرات کو اور باقی ملکوں میں جمعہ اور سنیچر کو ہوئی تھی، لیکن آج بڑی تعداد میں ووٹ ڈالے جائیں گے کیونکہ فرانس، جرمنی، پولینڈ اور اسپین میں آج ووٹنگ ہوگی اور اٹلی میں آج دوسرے دن بھی ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔

یوروپی پارلیمنٹ یوروپی لوگوں اور یوروپی یونین کے اداروں کے درمیان ایک براہ راست رابطے کا نام ہے۔ یوکرین جنگ، مائیگریشن اور آب و ہوا میں تبدیلی سے متعلق پالیسی سے کسانوں پر بڑھنے والے اثرات سے موضوعات ووٹ دینے والوں کے ذہنوں میں رہیں گے۔ ہرپانچ سال میں جون کے مہینے میں یہ انتخابات ہوتے ہیں۔X

## IMD WEATHER

جنوب مغربی مانسون آج وسطی بحیرہ عرب کے بقیہ حصوں، شمالی بحیرہ عرب کے کچھ حصوں اور ممبئی سمیت مہاراشٹر میں داخل ہو گیا ہے۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے جنوب کونکن، گوا، جنوب مدھیہ مہاراشٹر، ساحلی اور شمال اندرونی کرناٹک میں کل تک بھاری سے بہت بھاری بارش اور کچھ جگہوں پر انتہائی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے اگلے سات دنوں تک اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے اور سکم میں ہلکی سے معتدل بارش اور 40 کلومیٹر فی گھنٹے سے چلنے والی تیز ہواؤں کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے شمال مغربی بھارت میں آج سے گرمی کی لہر میں اضافہ کی پیش گوئی ہے۔

پنجاب، ہریانہ، بہار، جھارکھنڈ، مغربی بنگال کے گنگا کے علاقے، جموں ڈویژن، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، دلی، مغربی راجستھان اور مدھیہ پردیش میں جمعرات تک گرمی کی لہر جاری رہنے کا امکان ہے۔ اس میں مزید کیا گیا ہے کہ ملک کے مشرقی حصوں اور اترپردیش میں اگلے پانچ دنوں تک گرمی کی لہر جاری رہے گی۔

## KERALA RAIN

کیرالہ میں محکمہ موسمیات نے اگلے چار دنوں تک ریاست میں تیز ہواؤں کے ساتھ گرج چمک اور شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ آج Kannur اور Kasaragod اضلاع میں اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ دس اضلاع میں Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ماہی گیروں کو اس ماہ کی 11 تاریخ تک کیرالہ، کرناٹک اور لکشدیپ ساحل کے سمندری حصوں میں جانے سے متنبہ کیا گیا ہے۔ اس درمیان ریاست میں آج آدھی رات سے سمندر کے تحفظ

کیلئے مانسون کے دوران مچھلی پکڑنے پر پابندی نافذ ہوگئی ہے۔ کیرالہ کے ساحل پر یہ 52 دنوں کی پابندی 31 جولائی کو ختم ہو جائے گی۔ حکام نے بیرون ریاست ماہی گیروں کو کیرالہ ساحل سے چلے جانے کی ہدایت دی ہے۔ محکمہ ماہی گیری نے مچھلی پکڑنے پر پابندی کے نفاذ کے تمام انتظامات مکمل کر لئے ہیں۔

پابندی کے دوران ماہی گیری کے شعبے کے مزدوروں کو مفت راشن مہیا کرایا جائے گا۔ ساحلی اضلاع میں ماہی گیری سے متعلق کنٹرول روم 24 گھنٹے کام کرے گا۔X

## FRENCH OPEN

پیرس کے رولانڈ گیروس میں فرنچ اوپن ٹینس کا مردوں کا سنگلز فائنل اسپین کے Carlos Alcaraz اور جرمنی کے Alexander Zverev کے درمیان جاری ہے۔ دونوں کھلاڑی اپنا پہلا رولانڈ گیروس خطاب جیتنے کیلئے کوشش کررہے ہیں۔ 21 سال کے Carlos Alcaraz تینوں طرح کے میدانوں پر بڑے خطاب جیتنے والے سب سے جوان کھلاڑی بن سکتے ہیں۔ Alcaraz نے 2022 میں US اوپن اور پچھلے سال وبلڈن خطاب جیت کر دو گرینڈسلیم خطاب جیتے ہیں۔ وہ 2020 کے US اوپن کے فائنل میں ہار گئے تھے اور پچھلے تین سال میں پیرس میں سیمی فائنلس مقابلوں میں باہر ہوتے رہے ہیں۔ Alcaraz ، Jannik Sinner کو ہراکر سیمی فائنل میں پہنچے ہیں، جبکہ Zverev نے Casper Ruud کو ہرایا تھا۔ X

☆☆☆☆☆